DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk
★★★★★
بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد
SATURDAY, JULY 13, 2024
جلد نمبر 30 | ہفتہ 6 محرم الحرام 1446ھ 13 جولائی 2024ء 29 ہاڑ 2081 ب | شمارہ 131
فون نمبر: 051-2891830۔ فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 8 قیمت 30 روپے

وفاقی محتسب کی ٹیم کی مظفر آباد میں کھلی کچہری، شکایات سنیں

نادرا، سٹیٹ لائف، بی آئی ایس پی، پوسٹ آفس ودیگر کیخلاف شکایات کے انبار

وفاقی محتسب کے افسروں نے شکایات سن کر اداروں کو موقع پر احکامات جاری کئے

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز مظفر آباد آزاد کشمیر محتسب آفس میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ شکایات کنندگان نے نادرا، سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان پوسٹ آفس، قومی بچت اور این ایچ اے سمیت وفاقی محکموں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیئے، زیادہ تر شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بارے میں تھیں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام کے ریجنل ڈائریکٹر نے شکایت کنندگان کی اکثر شکایات موقع پر ہی دور کر دیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے قبل ازیں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔

★★★★★★★

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

ABC CERTIFIED گلگت بلتستان، اسلام آباد، لاہور، پشاور، ملتان، رحیم یار خان، مظفرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار

فون ایڈیٹر 05811450065
فیکس 05811450066

E-mail
ausafgilgit@gmail.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف گلگت بلتستان

DAILY AUSAF Gilgit Baltistan

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 14 | ہفتہ، 6 محرم الحرام 1446ھ، 13 جولائی 2024ء، صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ: 162

Registered ID 174

وفاقی محتسب افسران کا مظفرآباد کا دورہ، دفاتر کا معائنہ، شکایات سنیں، ازالے کا حکم

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے نادرا، پاسپورٹ آفس، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور جی پی او کا دورہ کیا

کسٹمرز کی نشاندہی پر پاسپورٹ کی فیس سروسز کا معیار اور دیگر اہم مسائل کو فوری حل کرنے کی ہدایت

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے مظفرآباد میں نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور پاکستان پوسٹ آفس کے دفاتر کا دورہ کیا ہے، وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی شکایات کنندگان کی داد رسی کر دی ہے، وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ میڈیا خالد سیال پر مشتمل معائنہ ٹیم نے نادرا، پاسپورٹ آفس، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور جی پی او کے دوروں کے دوران موقع پر موجود افراد کی شکایات سنیں اور وفاقی اداروں کے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی مسائل کے حل کی ہدایات جاری کیں۔ دورہ پر موجود ٹیم کو شکایت کنندگان نے نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور پاکستان پوسٹ آفس کے نظام میں خامیوں پر شکایات درج کروائیں۔ ٹیم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر پہنچی تو سینکڑوں خواتین و حضرات نے نظام میں خامیوں کا بتایا۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کو سائلین کے لیے بیٹھنے والے ہال میں فوری طور پر مزید موثر انتظامات کی ہدایت کی ہے۔ پاسپورٹ کی غیر معمولی تاخیر کے باعث لوگ پریشان تھے۔ ٹیم نے پاسپورڈ آفس ریکارڈ کی چیکنگ کی اور عملہ کو نظام کو موثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ کسٹمرز کی نشاندہی پر پاسپورٹ کی فیس سروسز کا معیار اور دیگر اہم مسائل کو فوری حل کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے متعلقہ اداروں کو کہا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں۔ معائنہ ٹیم نے تحمل سے مقامی لوگوں کی شکایات کو سنا اور فوری سدباب کی ہدایات کیں۔ معائنہ ٹیم نے دیگر دور افتادہ علاقوں میں بھی مانیٹرنگ سسٹم کو موثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ غفلت برتنے والوں کے خلاف تحت ضابطہ کاروائی کریں گے۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ تاریخ میں پہلی بار وفاقی محتسب کی ٹیم کا آزاد کشمیر میں وفاقی اداروں کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدام قابل ستائش ہے۔

مظفرآباد، وفاقی محتسب کے افسران کھلی کچہری میں اداروں کے خلاف شکایات سن رہے ہیں

بے شک اللہ پاک ہر چیز پر قادر ہے

★★★ لاہور، فیصل آباد، اسلام آباد، کراچی، اوکاڑہ، مظفر آباد میں پڑھا جانے والا اخبار ★★★

Daily Jevay Pakistan Lahore

روزنامہ جیوے پاکستان لاہور

چیف ایڈیٹر: ایم رمضان شاہین

چیف ایگزیکٹو: میاں سمیع اللہ ڈوٹو

ایڈیٹر: ایم اصغر علی رحمانی

گروپ ایڈیٹر: لالہ بشیر احمد رحمانی

جلد 1 | ہفتہ 13 جولائی 2024ء 06 محرم الحرام 1446ھ 29 ہاڑ 2080ب قیمت 20 روپے | شمارہ 77



وفاقی محتسب کے افسران مظفر آباد میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن رہے ہیں

وفاقی محتسب کے افسران کی مظفر آباد آزاد کشمیر میں کھلی کچہری

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

مظفر آباد (آئی این پی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز آزاد کشمیر محتسب آفس میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شکایت کنندگان نے شرکت کی اور نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان پوسٹ آفس، قومی بچت اور این ایچ اے سمیت وفاقی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں زیادہ تر شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بارے میں تھیں۔ اکثر شکایت کنندگان غیر تعلیم یافتہ ہونے کے باعث بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے طریقہ ء کار سے آگاہ نہ تھے۔ بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام کے ریجنل ڈائریکٹر ایک ہمدرد شخص ہیں جو مستحقین کی امداد کے لئے ہمہ وقت سرگرم رہتے ہیں۔ انہوں نے تمام مستحق شکایت کنندگان کی اکثر شکایات موقع پر ہی دور کر دیں، جن شکایات میں بعض قانونی رکاوٹیں تھیں انہیں بھی حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب کے افسران نے دیگر اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ وفاقی محتسب کے افسران نے قبل ازیں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے اختیارات، دائرہ کار اور شکایات داخل کرانے کے بارے میں مفصل گفتگو کی۔